2665-حدیث (استوصوا بالنساء خیرا) کا معنی

سوال

حدیث میں ہے کہ (عورتوں سے خیر خواہی اور بھلائی کیا کرو، اس لیے کہ عورت ٹیڑھی پسلی سے پیدا کی گئی ہے اور پسلی میں سب سے زیادہ ٹیڑھا پن اوپر والے حصہ میں پایا جاتا ہے) حدیث کے آخر تک۔
گزارش ہے کہ حدیث کا معنی بیان فرمائیں اور سب سے اوپر والی زیادہ ٹیڑھی ہوتی ہے کی بھی وضاحت فرما دیں۔

پسندیدہ جواب

یہ حدیث صحیح ہے جسے امام بخاری اور امام مسلم رحمہما اللہ تعالی نے ابو ھریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے بیان کیا ہے جس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ :

(عورتوں سے خیر خواہی اور بھلائی کیا کرو، اس لیے کہ وہ ٹیڑھی پسلی سے پیدا کی گئی ہیں اور پسلی میں سب سے زیادہ ٹیڑھا پن اوپر والے حصہ میں پایا جاتا ہے، تو عورتوں کے ساتھ بھلائی اور خیر کیا کرو) انتھی۔

یہ حکم والدین بھائیوں اور خاوندوں وغیرہ کے لیے ہے کہ عورتوں سے خیر خواہی اور بھلائی اور ان کے ساتھ احسان کریں، اور یہ کہ ان پر ظلم و ستم نہ کریں اور ان کے حقوق کی ادائیگی کریں اور ان کو خیر اور بھلائی کی راہنمائی کریں، جو کہ سب پر واجب ہے اس لیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے (عورتوں کے ساتھ خیر خواہی اور بھلائی کرو)۔

ان کا بعض اوقات اپنے خاوند اور رشتہ داروں سے بدزبانی کرنا یا اپنے کسی فعل سے برا سلوک کر جاتی ہیں تو ان کے ساتھ خیر اور بھلائی کرنے میں یہ چیز آڑے نہیں آنی چاہیے بلکہ ان کی خیر خواہی کرنا ضروری ہے اس لیے کہ وہ پسلی سے پیدا کی گئی ہیں جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ پسلی میں سب سے زیادہ ٹیڑھا حصہ اس کا اوپر والا حصہ ہوتا ہے۔

یہ معلوم ہے کہ پسلی کا اوپر والا حصہ وہ ہے جہاں سے پسلی شروع ہوتی ہے اور پسلی میں ٹیڑھا پن بھی معروف ہے۔

تو معنی یہ ہوگا کہ عورت کی خلقت اور پیدائش میں ہی نقص اور ٹیڑھا پن ہے، اسی لیے صحیحین کی دوسری حدیث میں آیا ہے کہ (میں نے تم سے ناقص العقل اور ناقص دین نہیں دیکھا تم میں کوئی ایک اچھے بھلے آدمی کی عقل خراب کر دیتی ہے)۔

اور اس سے مقصود یہ ہے کہ یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم ہے جو کہ صحیحین میں ابو سعید خدری رضی اللہ تعالی عنہ کی حدیث میں ثابت ہے، نقص عقل کا معنی وہی ہے جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کہ دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر ہے۔

اور نقص دین کا معنی بھی وہی ہے جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عورت کئی کئی دن رات نماز نہیں پڑھتی، یعنی حیض اور نفاس کی وجہ سے، تو یہ ایک ایسا نقص ہے جو اللہ تعالی نے ان پر لکھ دیا ہے اور جس میں کسی قسم کا کوئی گناہ نہیں۔

تو عوتوں کو چاہیے کہ وہ اس نقص کا اعتراف اس طرح ہی کریں جس طرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے راہنمائی فرمائی ہے، اگرچہ وہ عورت علم اور تقوی والی ہی کیوں نہ ہو اس لیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی خواہش سے تو بولتے ہی نہیں بلکہ یہ تو اللہ تعالی کی طرف سے ان کی طرف وحی کی جاتی ہے جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{قسم ہے ستارے کی جب وہ گرے ، کہ تمہارے ساتھی نے نہ توراہ گم کی اورنہ ہی وہ ٹیڑھی راہ پر ہے ، اورنہ ہی وہ اپنی خواہش سے کوئی بات کہتے ہیں وہ توصرف وحی ہے جواتاری جاتی ہے}.-